احرام کی حالت میں احتلام ہوگیا یا بیوی کا بوسہ لے لیا، تودم لازم ہوگا یا نہیں؟

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1068

تاریخ اجراء: 15 ربیع الثانی 1445ھ / 31 اکتوبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

احرام کی حالت میں احتلام ہو گیا تو کیا دم لازم ہو جائے گا؟ یونہی اگر کسی احرام کی حالت میں مرد نے بیوی کا بوسہ لے لیا تو اس صورت میں بھی دم لازم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

حالتِ احرام میں احتلام یعنی سوتے میں منی خارج ہونے سے دم لازم نہیں ہوتا، لہٰذا احرام کی حالت میں ایسا ہو جائے تو غسل کر لینا کافی ہے اور احرام کی چادر کا جو حصہ ناپاک ہوا اسے پاک کر لیا جائے یا دوسری چادر پہن لی جائے۔ البتہ اگر احرام کی حالت میں معاذاللہ کسی نے مشت زنی کی اور انزال ہو گیا تو دم لازم ہو جائے گا۔ یونہی عورت کو شہوت کے ساتھ چھونے یا بوسہ لینے سے بھی دم لازم ہو جاتا ہے، اگرچہ انزال نہ بھی ہوا ہو۔

تنویر الابصار مع در مختار میں ہے: "(قبل اولمس بشھوۃ انزل اولا) فی الاصح" یعنی: "مُحرِم نے شہوت کے ساتھ بوس و کنار کیا تو صحیح قول کے مطابق دم لازم ہو گا انزال ہو یا نہ ہو۔ (درمختار، جلد3، صفحہ667، مطبوعہ: بیروت)

خاتم المحققین علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ عبارت کے تحت فرماتے ہیں: "حاصلہ: ان دواعی الجماع کالمعانقۃ والمباشرۃ الفاحشۃ والجماع فیمادون الفرج والتقبیل واللمس بشھوۃ موجبۃ للدم، انزل اولا۔۔۔ الاحتلام لا یوجب شیئا" یعنی: حاصل کلام یہ ہے کہ دواعی جماع جیسا کہ معانقہ، مباشرتِ فاحشہ، شرمگاہ کے علاوہ میں جماع، بوس و کنار جب یہ سب شہوت کے ساتھ ہوں تو دَم لازم کرتے ہیں، انزال ہو یا نہ ہو۔ احتلام محرم پر کچھ لازم نہیں کرتا۔ (ردالمحتار، جلد3، صفحہ227، مطبوعہ: بیروت)

فتاویٰ عالمگیری میں ہے: ”الاحتلام لا یوجب شیئا سوی الغسل وان استمنی بکفہ فانزل فعلیہ دم “یعنی: احتلام محرم پر کچھ لازم نہیں کرتا سوائے غسل کے۔ البتہ اگر مشت زنی کی اور اس سے انزال ہو گیا تو دَم لازم ہو جائے گا۔(فتاوی عالمگیری، جلد1، صفحہ270، مطبوعہ: بیروت)

صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”مباشرتِ فاحشہ اور شہوت کے ساتھ بوس و کنار اور بدن مس کرنے میں دَم ہے، اگرچہ انزال نہ ہو اور بلا شہوت میں کچھ نہیں۔۔۔ جلق سے انزال ہو جائے تو دَم ہے ورنہ مکروہ اور احتلام سے کچھ نہیں۔“(بہار شریعت، جلد1، صفحہ1172۔1173، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net